No. of Printed Pages : **2** **OULE-002**

00873

DIPLOMA IN URDU LANGUAGE (DUL)

Term-End Examination

June, 2013

OULE-002 : CONTEMPORARY URDU FICTION

Time : 2 hours *Maximum Marks : 50*

نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

---

1. اردو ناول نگاری کے ارتقا پر روشنی ڈالیے۔ **10**

یا

پریم چند کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

2. ہم عصر اردو افسانہ نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔ **10**

یا

عصر حاضر کے کسی ایک افسانہ نگار کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

3. راجندر سنگھ بیدی کے افسانوں پر تبصرہ کیجیے۔ **10**

یا

قرۃ العین حیدر کے افسانوی مجموعوں کا نام لکھیے اور کسی ایک افسانہ پر اظہار خیال کیجیے۔

4. سعادت حسن منٹو کے ''نیا قانون'' پر تبصرہ کیجیے۔ **10**

یا

جیلانی بانو کے فن سے بحث کیجیے۔

5. درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 10

پچھلے دنوں جب استاد منگو نے اپنی ایک سواری سے اسپین میں جنگ چھڑ جانے کی افواہ سنی تھی تو اس نے گاما چودھری کے چوڑے کاندھے پر تھپکی دے کر مدبرانہ انداز میں پیش گوئی کی تھی ؛'' دیکھ لینا چودھری، تھوڑے ہی دنوں میں اسپین کے اندر جنگ چھڑ جائے گی۔'' اور جب گاما چودھری نے اس سے یہ پوچھا تھا کہ اسپین کہاں واقع ہے تو استاد نے بڑی متانت سے جواب دیا تھا : '' ولایت میں اور کہاں۔''

اسپین میں جنگ چھڑی اور جب ہر شخص کو اس کا پتہ چل گیا تو اسٹیشن کے اڈے میں جتنے کوچوان حلقہ بنائے حقہ پی رہے تھے، دل ہی دل میں استاد منگو کی بڑائی کا اعتراف کر رہے تھے اور استاد منگو اس وقت مال روڈ کی چمکیلی سطح پر تانگہ چلاتے ہوئے اپنی سواری سے تازہ ہندو مسلم فساد پر تبادلۂ خیال کر رہا تھا۔

(a) استاد منگو نے گاما چودھری سے کیا پیش گوئی کی تھی؟

(b) اسٹیشن کے اڈے کے کوچوان استاد منگو کی بڑائی کا اعتراف کیوں کر رہے تھے؟

(c) استاد منگو اپنی سواری سے کس معاملے پر تبادلۂ خیال کر رہا تھا ؟

(d) یہ اقتباس کہاں سے لیا گیا ہے؟

(e) اس اقتباس کا مصنف کون ہے؟